**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**HIGHER SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS XI**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Islamic Studies Paper I**

**Time: 1 hour 30 minutes    Marks: 50**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only


## ہدایات

1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 50 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D,C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔




**امیدوار کے دستخط**

5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ قرآنِ مجید میں وحی کی کتنی صورتیں بیان ہوئی ہیں؟

A۔ دو
B۔ تین
C۔ چار
D۔ پانچ

2۔ سورۃ العلق کی ابتدائی پانچ آیات کس واقعہ سے متعلق ہیں؟

A۔ آغازِ وحی
B۔ ہجرتِ حبشہ
C۔ ہجرتِ مدینہ
D۔ بیعتِ عقبہ اولیٰ

3۔ درج ذیل میں سے کون سا موضوع 'مکی سورتوں' میں شامل ہے ؟

A۔ جہاد سے رغبت
B۔ رسالت کی حقیقت
C۔ مصارفِ زکوٰۃ کی وضاحت
D۔ حج کے مسائل کی وضاحت

4۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر جب وحی کا نزول ہو رہا ہوتا تھا، تو اُس دوران آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم پر کیا کیفیت طاری ہوتی تھی ؟

A۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو نیند زیادہ آتی
B۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو سخت سردی میں بھی پسینہ آتا
C۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے چہرۂ مبارک پر مسکراہٹ آجاتی
D۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم باآوازِ بلند قرآن مجید کی تلاوت شروع فرمادیتے

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

5۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے اپنی حیاتِ طیبہ میں قرآنِ مجید کی حفاظت کے لیے کیا طریقے اختیار فرمائے تھے؟

A۔ قرآنِ مجید کو مکمل کتابی شکل دینے کے ساتھ حفاظ تیار کرائے تھے

B۔ ہر نماز میں قرآن مجید کی تلاوت لازمی قرار دینے کے ساتھ حفاظ تیار کرائے تھے

C۔ ہر نماز میں قرآنِ مجید کی تلاوت کو لازمی قرار دینے کے ساتھ قرآنِ مجید کو لکھوا دیا تھا

D۔ قرآنِ مجید کو مکمل کتابی شکل دینے کے ساتھ قاری حضرات کو باقاعدہ قرآنِ مجید یاد کرایا تھا

6۔ تدوینِ قرآن کے سلسلے میں حضرت ابو بکر صدیقؓ نے سب سے **پہلا** کام کیا کیا تھا؟

A۔ تمام حفاظ کو ایک ساتھ جمع کیا

B۔ حضرت زید بن حارثہؓ کو کمیٹی کا سربراہ بنایا

C۔ مہاجرین و انصار صحابہؓ کی ایک کمیٹی بنانے کا حکم دیا

D۔ قرآنِ مجید کی تمام آیات کو مسجد نبوی میں جمع کرانے کا حکم دیا

7۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ۔ (البقرۃ:04)

دی گئی آیت میں اہلِ ایمان کی کس صفت کو بالخصوص بیان کیا گیا ہے؟

A۔ اللہ پر ایمان

B۔ غیب پر ایمان

C۔ آخرت میں جنت کی بشارت

D۔ گزشتہ تمام الہامی کتب پر ایمان

8۔ سورۃ البقرۃ کی آیت نمبر 34 کی روشنی میں بتایئے کہ ابلیس نے کون سے **دو** جرم کیے تھے کہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اسے کافروں میں شمار کیا؟

A۔ سجدہ سے انکار اور تکبر کیا

B۔ اللہ کی نشانیوں کا انکار اور تکبر کیا

C۔ خود بھی سجدہ نہیں کیا اور اپنے ساتھیوں کو بھی نہیں کرنے دیا

D۔ سجدہ سے انکار اور حضرت آدمؑ و حواؑ کو شجرِ ممنوعہ کی طرف راغب کیا

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

9۔ درج ذیل میں سے کون سی آیت حضرت آدمؑ و حواؑ کی معافی سے متعلق ہے؟

A۔ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔ (البقرۃ: 37)

B۔ وَقُلْنَا يٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا۔ (البقرۃ: 35)

C۔ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ۔ (البقرۃ: 21)

D۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ۔
(البقرۃ: 31)

10۔ بنی اسرائیل کو کس دن کاروبار کرنے سے منع کیا گیا تھا؟

A۔ یوم السبت
B۔ یوم الخمیس
C۔ یوم الجمعہ
D۔ یوم الثلاثاء

11۔ اسلام کے علاوہ بھی پاکستان میں مختلف مذاہب کے ماننے والے لوگ ہیں۔

مذکورہ بالا بیان کے حوالے سے، دینی تعلیمات کی روشنی میں بتائیے کہ بہ طور مسلم ہمارا ان مذاہب کے ماننے والوں کے ساتھ کیا طرزِ عمل ہونا چاہیے؟

A۔ ان کے مذاہب کو اپنایا جائے
B۔ ان سے جبراً اسلام قبول کروایا جائے
C۔ ان کے ساتھ رواداری کا مظاہرہ کیا جائے
D۔ ان کے ساتھ تجارتی لین دین بند کر دیا جائے

12۔ سورۃ البقرۃ کے مطابق، بنی اسرائیل کے لیے اللہ تعالیٰ نے کس رنگ کی گائے منتخب کی تھی؟

A۔ سبز
B۔ زرد
C۔ سرخ
D۔ گندمی

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

13۔ وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتَابَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ۔ (البقرۃ: 78)

دی گئی آیت میں بنی اسرائیل کے کس منفی رویے کی عکاسی کی گئی ہے؟

A۔ دینی حقائق کو چھپانا
B۔ کتاب پر ایمان نہ لانا
C۔ اہلِ ایمان کو اُمّی سمجھنا
D۔ بے جا خواہشات کا گمان رکھنا

14۔ قرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کو کون سی کتاب کے مطابق اپنی زندگی کے فیصلے کرنے کا حکم دیا تھا؟

A۔ توراۃ
B۔ زبور
C۔ انجیل
D۔ قرآن

15۔ سورۃ البقرۃ کی آیات 83۔84 میں اللہ تعالیٰ نے کس قوم سے عہد لیا تھا؟

A۔ یہود
B۔ صابی
C۔ نصاریٰ
D۔ مومنین

16۔ اگر کوئی دینی مسئلہ درپیش ہو تو اُس کے حل کے لیے درج ذیل میں سے سب سے زیادہ اہم ذریعہ کیا ہو سکتا ہے؟

A۔ فقہ و قیاس
B۔ قرآن و فقہ
C۔ حدیث و فقہ
D۔ قرآن و حدیث

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

17۔ مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هَذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ۔ (حدیث: 04)

دی گئی حدیث میں موجود الفاظ ’فِيْ أَمْرِنَا‘ (ہمارے امر) سے کیا مراد ہے؟

A۔ ہمارا عمل

B۔ ہمارا دین

C۔ ہماری سوچ

D۔ ہماری تہذیب

18۔ فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ فَقَدِ اسْتَبْرَأَ لِدِينِهِ، وعِرْضِهِ۔ (حدیث: 05)

دی گئی حدیث کے مطابق جو شخص مشتبہ امور سے دور رہا، تو اُس نے بچایا اپنا دین اور

A۔ مال۔

B۔ جان۔

C۔ عزت۔

D۔ روایت۔

19۔ اِتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ وَاتَّبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا۔۔۔ (حدیث: 14)

دی گئی حدیث میں موجود لفظ ’اَلسَّيِّئَةَ‘ کے کیا معنی ہے؟

A۔ مٹانا

B۔ برائی

C۔ پیروی

D۔ احسان

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

20۔ رمیز اس بارے میں پریشان تھا کہ جو چیزیں حلال و حرام کے درمیان ہیں اُن کے ساتھ عمومی طرزِ عمل کیا ہونا چاہیے۔ اُس نے اپنے استاد کو یہ مسئلہ بتایا، تو استاد نے حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ایک حدیث سنائی، جسے سن کر رمیز مطمئن ہو گیا۔

دیے گئے بیان کے پس منظر کے مطابق، رمیز کے استاد نے کون سی حدیث سنائی ہو گی؟

A۔ كُلُّ سُلَامَى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ، كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ فِيهِ الشَّمْسُ تَعْدِلُ بَيْنَ الاثْنَيْنِ صَدَقَةٌ۔

B۔ اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ، قُلْنَا لِمَنْ يَا رَسُوْلَ اللهِ، قَالَ لِلّٰهِ وَلِكِتَابِهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ۔

C۔ إِنْ حَلَّلْتُ الْحَلَالَ، وَحَرَّمْتُ الْحَرَامَ، وَصَلَّيْتُ الْمَكْتُوْبَاتِ -وَقَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ فِي حَدِيْثِهِ: وَلَمْ أَزِدْ عَلٰى ذٰلِكَ۔

D۔ إِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَإِنَّ الْحَرَامَ بَيِّنٌ، وَبَيْنَهُمَا الْأُمُوْرُ مُشْتَبِهَاتٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ، فَمَنِ اتَّقَى الشُّبُهَاتِ فَقَدِ اسْتَبْرَأَ لِدِيْنِهِ۔

21۔ نصاب میں موجود حدیثِ جبرائیل میں 'احسان' سے متعلق سوال کرنے پر آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟

A۔ احسان کر کے جتلایا نہیں کرو

B۔ لوگوں کو خیرات کرتے رہا کرو

C۔ لوگوں میں عدل کے ساتھ احسان کرو

D۔ عبادت ایسے کرو گویا کہ اللہ تعالیٰ تمھیں دیکھ رہا ہے

22۔ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ۔۔۔ (حدیث: 10)

دی گئی حدیث کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟

A۔ خیرات کرنا یا روزہ رکھنا

B۔ اچھی بات کہنا یا روزہ رکھنا

C۔ خیرات کرنا یا خاموش رہنا

D۔ اچھی بات کہنا یا خاموش رہنا

AKU-EB Annual Examination for Teaching and Learning only

23۔ درج ذیل میں سے کون سی حدیث اسلام کی اُس خوبی کو اجاگر کرتی ہے جس میں فضول اور بے مقصد چیز کو چھوڑ دینے کا کہا گیا ہے؟

A۔ دَعْ مَا يُرِيبُكَ إِلَى مَا لَا يُرِيبُكَ۔

B۔ لَا تَغْضَبْ فَرَدَّدَ مِرَارًا، قَالَ لَا تَغْضَبْ۔

C۔ مِنْ حُسْنِ الْإِسْلَامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مَا لَا يَعْنِيهِ۔

D۔ اِتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ وَاتَّبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا۔

24۔ نصاب میں موجود حدیث نمبر 14 کے مطابق، نبوتِ اولیٰ (یعنی پچھلے انبیائے کرامؑ) کے کلام میں سے لوگوں نے جو ہدایت پائی ہے، اُن میں سے کیا محفوظ ہے؟

A۔ شرم وحیا

B۔ زہد و تقویٰ

C۔ صبر و استقامت

D۔ ایمان داری و فاداری

25۔ نصاب میں موجود حدیث نمبر 3 کے مطابق، اسلام کی بنیاد جن پانچ عناصر پر مشتمل ہے، اُن میں درج ذیل میں سے کون سا عنصر شامل **نہیں** ہے؟

A۔ نماز

B۔ روزہ

C۔ زکوٰۃ

D۔ صدقہ

26۔ نصاب میں موجود حدیث نمبر 15 کے مطابق، ایک صحابیؓ نے یہ سوال کیا کہ ''مجھے اسلام کے بارے میں کوئی ایسی بات بتایئے کہ میں آپ کے سوا کسی اور سے اس کے بارے میں نہ پوچھوں۔'' تو آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟

A۔ حلال کو حلال سمجھو اور حرام کو حرام سمجھو۔

B۔ تم کہو کہ میں اللہ پر ایمان لایا، پھر ثابت قدم ہو جاؤ۔

C۔ تھام کر رکھو میری اور میرے خلفائے راشدین کی سنت کو۔

D۔ جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ پڑوسی کی عزت کرے۔

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

27- قَالَ ﷺ: جِئْتَ تَسْأَلُ عَنِ الْبِرِّ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، وَقَالَ: اِسْتَفْتِ قَلْبَكَ۔ (حدیث: 13)

دی گئی حدیث میں لفظ 'اَلْبِرّ' کس عنصر کو واضح کر رہا ہے؟

A- نیکی

B- ناپاکی

C- صدقہ

D- شک

28- اِتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُمَا كُنْتَ وَاتْبِعِ السَّيِّئَةَ الْحَسَنَةَ تَمْحُهَا، وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ۔ (حدیث: 18)

دی گئی حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے جس کی تعلیم فرمائی، وہ درج ذیل میں سے کون سی ہے؟

A- نیکی اور حُسنِ اخلاق

B- نیکی اور کسبِ حلال

C- حُسنِ اخلاق اور کسبِ حلال

D- تقویٰ اور گناہوں سے معافی

29- حضرت ابو نجیح بن عرباض بن ساریہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا: ''میں تمھیں خدائے بزرگ و برتر سے ڈرنے کی نصیحت کرتا ہوں اور سننے اور اطاعت کرنے کی اگرچہ تم پر ایک غلام حاکم مقرر ہو۔''

دی گئی روایت کے مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا یہ بیان صحابہؓ کرام کے لیے ایسا تھا جیسا کہ

A- الوداع کہنے والے کا وعظ ہو۔

B- جمعہ کا خطبہ کہنے والے کا وعظ ہو۔

C- احکام الٰہی سنانے والے کا وعظ ہو۔

D- کفار کا انجام سنانے والے کا وعظ ہو۔

30- احادیث کی تشریح کرتے وقت اس کے مستند ہونے کے بارے میں درج ذیل تمام باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے، **ماسوائے**

A- سلسلۂ سند۔

B- تاریخِ عالم۔

C- سیرتِ رسول۔

D- متعلقہ حدیث کی کتب۔

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

31۔ حضرت ہاشم نے اہلِ عرب کے لیے کون سا اہم کام کیا تھا؟

A۔ برہنہ طواف کی فرسودہ رسم کو ختم کیا

B۔ زم زم کنویں کو دوبارہ قابلِ استعمال بنایا

C۔ جنگ کے لیے ہتھیاروں کا استعمال سکھایا

D۔ دوسرے ملکوں کے ساتھ تجارت کو فروغ دیا

32۔ موٴرخین کے مطابق، قبل از اسلام عربوں پر کسی دوسرے ملک نے قبضہ کرنے کی کوشش کیوں نہیں کی؟

A۔ عربوں کا نظام حکومت بہت منظم تھا

B۔ تمام دنیا کے لوگ یہاں حج کرنے آتے تھے

C۔ دنیا کی بڑی طاقتیں آپس میں برسرِ پیکار تھیں

D۔ صحرائی علاقہ ہونے کی وجہ سے یہاں روزگار کے مواقع نہیں تھے

33۔ اعلانِ نبوت سے قبل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیّبہ میں کیے جانے والے پہلے معاہدے کا کیا نام تھا؟

A۔ صلح حدیبیہ

B۔ میثاقِ مدینہ

C۔ حلفِ الفضول

D۔ معاہدۂ نجران

34۔ ”فیصلہ یہ ہوا کہ جو شخص کل صبح سب سے پہلے حرم میں داخل ہو گا اُس کا فیصلہ قبول کرلیا جائے گا۔ دوسرے دن جو شخص سب سے پہلے حرم میں داخل ہوئے وہ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ذاتِ مبارکہ تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو دیکھ کر سب نے پکارا ”امین آگئے، اِن کا فیصلہ ہمیں قبول ہو گا۔“ (تاریخِ اسلام، جلداول، شاہ معین الدین احمد ندوی)

دیا گیا بیان کس واقعہ سے متعلق ہے؟

A۔ فتحِ مکہ

B۔ میثاقِ مدینہ

C۔ حلف الفضول

D۔ نصبِ حجرِ اسود

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

35- جب آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے پہلی وحی کے نزول کا واقعہ حضرت خدیجہؓ کو بتایا تو آپؓ ، حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو کس شخص کے پاس لے کر گئی تھیں؟

A- ورقہ بن نوفل
B- قصی بن کلاب
C- مغیرۃ ابن شعبہ
D- ہاشم بن عبد مناف

36- ''خدا کی قسم! اگر یہ لوگ میرے ایک ہاتھ پر سورج اور دوسرے پر چاند رکھ دیں تو بھی میں اپنے فرض سے باز نہیں رہوں گا۔'' (تاریخِ اسلام، جلد اول، شاہ معین الدین احمد ندوی)

مذکورہ الفاظ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کس سے فرمائے تھے؟

A- حضرت خدیجہؓ
B- حضرت ابو طالبؓ
C- حضرت عبد المطلبؓ
D- حضرت ابو بکر صدیقؓ

37- شعبِ ابی طالب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور آپ کے صحابہؓ کتنے سال تک محصور رہے؟

A- دو سال
B- تین سال
C- چار سال
D- پانچ سال

38- بیعتِ عقبہ کے نتیجے میں مسلمانوں کو فی الوقت کیا فائدہ ملا؟

A- قریش کے ظلم و ستم کا خاتمہ ہوا
B- منافقین کے ظلم و ستم کا خاتمہ ہوا
C- یہود کے خلاف جنگ کے لیے تیاری کا موقع ملا
D- قریش کے خلاف جنگ کے لیے تیاری کا موقع ملا

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

براہِ کرم صفحہ پلٹیے

39۔ درج ذیل میں سے جن دو مساجد کی تعمیر میں آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے خود حصہ لیا، وہ کون سی تھیں؟

A۔ مسجد قبا اور مسجد نبوی
B۔ مسجد قبا اور مسجد اقصیٰ
C۔ مسجد نبوی اور مسجد نمرہ
D۔ مسجد اقصیٰ اور مسجد عائشہ

40۔ غزوۂ خیبر کی فتح کے بعد مسلمانوں کو مستقبل میں کیا معاشی فائدہ حاصل ہوا؟

A۔ یہودیوں نے کھیتی باڑی سے کل آمدنی کا عُشر دینا شروع کر دیا
B۔ یہودیوں نے آمدنی کا پچاس فی صد حصہ بہ طورِ جزیہ دینا شروع کر دیا
C۔ یہودیوں نے آمدنی کا پچاس فی صد حصہ بہ طور خراج دینا شروع کر دیا
D۔ یہودیوں نے کھیتی باڑی سے کل آمدنی کا بیسواں حصہ دینا شروع کر دیا

41۔ جنگِ موتہ کا اہلِ عرب پر کیا اثر پڑا؟

A۔ مسلمانوں نے رومیوں سے دفاعی معاملات سیکھے
B۔ مسلمانوں کے دلوں سے رومیوں کا خوف ختم ہوا
C۔ مسلمانوں نے سلطنتِ رومہ میں دعوتِ اسلام کو عام کیا
D۔ جنگ کے بعد رومیوں نے مسلمانوں سے تعلقات قائم کیے

42۔ اس غزوہ میں اسلامی فوجیں جن کی تعداد بارہ ہزار تھی۔ یہ فوج اس شان کے ساتھ آگے بڑھی کہ بعض صحابہ کی زبان سے بے اختیار یہ الفاظ نکل گئے کہ ''آج ہم پر کون غالب آسکتا ہے؟'' لیکن یہ الفاظ بارگاہِ الٰہی میں ناپسند ٹھہرائے گئے۔
(تاریخِ اسلام، امتیاز پراچہ)

دیا گیا بیان کس غزوہ سے متعلق ہے؟

A۔ غزوۂ احد
B۔ غزوۂ خیبر
C۔ غزوۂ حنین
D۔ غزوۂ احزاب

AKU-EB 2023 for Annual Examination Teaching and Learning only

43۔ اسلام کے معاشی نظام میں آمدنی کا ایک ذریعہ جزیہ تھا، یہ کن لوگوں سے وصول کیا جاتا تھا؟

A۔ نومسلم
B۔ غیر مسلم
C۔ مسلمان تاجر
D۔ مسلمان کسان

44۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا قائم کردہ نظام حکومت تاریخِ انسانی کی بہترین مثال ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے جو بھی فیصلہ فرمایا وہ عدل اور حکمت سے بھرپور تھا۔

دیے گئے بیان کے پیشِ نظر بتایئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو یمن کا گورنر کس صلاحیت کی بنا پر بنایا؟

A۔ آپؓ میں اجتہادی صلاحیت تھی
B۔ آپؓ میں حربی صلاحیت موجود تھی
C۔ آپؓ میں معاشی صلاحیت موجود تھی
D۔ آپؓ کی یمن کے تمام علاقوں سے واقفیت تھی

45۔ درج ذیل میں سے کون سے صحابیؓ ایران کے بادشاہ خسرو پرویز کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا خط (اسلام کی دعوت) لے کر گئے تھے؟

A۔ حضرت ام مکتومؓ
B۔ حضرت دحیہ کلبیؓ
C۔ حضرت عمرو بن العاصؓ
D۔ حضرت عبد اللہ بن حذافہؓ

46۔ جنگِ یمامہ میں ستّر حفاظ و قراء کی شہادت کے بعد کس خلیفۂ راشد نے جمع و تدوینِ قرآن کا مشورہ قبول کیا؟

A۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ
B۔ حضرت عمر فاروقؓ
C۔ حضرت عثمان غنیؓ
D۔ حضرت علی مرتضیٰؓ

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

47۔ محکمۂ صیغۂ احداث کس خلیفۂ راشد کے دورِ خلافت میں قائم ہوا؟

A۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ
B۔ حضرت عمر فاروقؓ
C۔ حضرت عثمان غنیؓ
D۔ حضرت علی مرتضیٰؓ

48۔ سبائیوں نے سب سے زیادہ فتنہ کس خلیفۂ راشد کے عہد میں برپا کیا؟

A۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ
B۔ حضرت عمر فاروقؓ
C۔ حضرت عثمان غنیؓ
D۔ حضرت علی مرتضیٰؓ

49۔ حضرت علی مرتضیٰؓ نے منصبِ خلافت سنبھالتے ہی کس کام پر توجہ دی؟

A۔ قصاصِ حضرت عثمان غنیؓ
B۔ شام کے خلاف جنگ کی تیاری
C۔ خوارج کے خلاف جنگ کی تیاری
D۔ تحکیم پر عمل کرنے کے لیے شوریٰ سے مشورے

50۔ حضرت علی مرتضیٰؓ نے کوفہ کو دارالخلافہ کیوں بنایا؟

A۔ مدینہ میں شورش زیادہ برپا ہوگئی تھی
B۔ عراق کے لوگوں کی حمایت زیادہ حاصل تھی
C۔ عراق میں فقہائے کرام کی تعداد کا زیادہ ہونا تھا
D۔ شام کی طرف سے امویوں کے حملوں کا خطرہ زیادہ تھا

اختتام

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only